QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)

PRESS RELEASE پریس ریلیز

Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt

Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 09 بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ: 10 جولائی 2026ء۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں کے تحت برقی لائنوں کی شفٹنگ اور نئے کھمبے نصب کئے جارہے ہیں۔اس سلسلے میں 11 جولائی کو (بروز ہفتہ) مری آباد گرڈ اسٹیشن کے 11kv مری آباد، کانسی ون، کانسی ٹو فیڈرز جبکہ کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11kv جناح ٹاون، بروری، ملک پلانٹ، جی او آر کالونی، نواں کلی، مالک فیڈروں سے صبح 10:30 بجے تا دوپہر 2:30 بجے بجلی بند رہیگی۔

اسکے علاوہ 11 جولائی اور 13 جولائی کو (روزانہ) زرغون گرڈ اسٹیشن کے 11kv نواں کلی بائی پاس، صاحبزادہ، ایف سی، عسکری ون فیڈروں سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند ہوگی۔ اسی طرح 12 جولائی (بروز اتوار) سریاب گرڈ اسٹیشن کے 11kv خیر بخش مری، جائنٹ روڈ، اولڈ لیاقت بازار، سریاب ون، سریاب ٹو، غازی، اے ون سٹی، ہزارہ ٹاون، کرانی، واسا، اولڈ سیٹلائٹ ٹاون فیڈروں سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے نیز اُسی روز کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے اسٹیڈیم فیڈر جبکہ شیخ ماندہ گرڈ کے پی اے ایف اور مری آباد گرڈ کے گلستان روڈ، حالی روڈ فیڈروں سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند رہے گی۔

علاوہ ازیں 13 جولائی کو (بروز پیر) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11kv پی اے ایف سٹی، اولڈ سمنگلی، انٹر کنیکٹر فیڈرز جبکہ شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے 11kv جبل نور، ویسٹرن بائی پاس، خروٹ آباد، تکاتو، داریم، ادیان، دوستین فیڈرز سے صبح 10:30 بجے تا دوپہر 2:30 بجے بجلی بند ہوگی۔ دریں اثناء 132kv اوستہ محمد۔جھل مگسی ٹرانسمیشن لائن پر 11 جولائی سے 15 جولائی تک (روزانہ) صبح 7 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک ٹاورز کی تنصیب کا کام کیا جائے گا۔جسکے باعث اس دورانیہ میں 132kv جھل مگسی گرڈ اسٹیشن سے بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔تاہم کیسکو نے اس دورانیہ میں بجلی بندش کے باعث زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔

###